1989ء سے مسلسل اشاعت | یکم تا 7 ستمبر 2023 | شمارہ نمبر 36 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010 — Brands of the year Award 2010 — Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp — بزنس مین پینل





کراچی ولاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG — بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

pindo deli
paper products

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

# WE HAVE WIDE RANGE OF
# Quality Paper Products

## COATED PRODUCT

GOLDEN COIN

GOLDEN COIN
2/S Coated
Art Card

## COMPUTER FORM

Golden Form

## PHOTOCOPIER PAPER

Galaxy Brite
Rocco Premium
Office Print
E-Paper
Lucky Boss
IK Yellow
Golden Plus
Instant Preprint

## CARBONLES PAPER

Impressions
PINDO 2000

Impression 2000 Brand
Quality Instant Brand
Available in 48gsm

## COLOR BREIF CARD

ANCHOR BRAND

Jangkar Brand

## CASTCOATED BOARD

ARCADIA 2000

Arcadia 2000 (Plastic Card)

## OTHER PRODUCTS

Buffalo Hide & Embossed Card
Cast Coated Base Paper/Card
Color Wood Free Paper & Card
Fax/Thermal Paper & Others.

## FOR BOOKING PLEASE CONTACT

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

金海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

HO-KOTE C2S Matt

| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Basis Weight | g/m² | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 285±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### FOR BOOKING CONTACT

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# tjiwi kimia paper products

www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER

- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER

- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER

- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · pplus EXTRAPRINT · srw EXTRAPRINT



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER

- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions Carbonless · Ellustra Drawing Paper · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS

- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
  MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS

- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award – IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award – IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک قیمت 100 روپے

پیپر بزنس

پبلشرز: حرا رؤف

نے پرنٹر عبدالغبور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

بانی: محمد رؤف

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

رابطہ آفس

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

چارجز: (سالانہ)

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB0256027141112960


# لوگوں نے گھروں میں ڈالر رکھے ہوئے ہیں، روپے پر بے تحاشہ دباؤ ہے، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک

## 600ارب روپے تک کی کرپشن ہے، چیئرمین ایف بی آر کا سینیٹ کمیٹی برائے خزانہ میں اعتراف

اسلام آباد، راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ نے ڈالر کی قدر میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسٹیٹ بینک کو فوری طور پر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر عنایت حسین نے کہا کہ روپے کی بہتری کیلئے ڈالر کنٹرول کرنے میں وقت لگ سکتا ہے لوگوں نے گھروں میں ڈالر رکھے ہوئے ہیں، روپے پر بے تحاشہ دباؤ ہے، اسپیشل سیکرٹری خزانہ اویس منظور سمرا نے انکشاف کیا کہ حکومت کے پاس بیوروکریٹس کے ظاہر کردہ اثاثوں کی جانچ پڑتال کا کوئی طریقہ کار نہیں جس کی وجہ سے افسران کو مخصوص اوقات میں ترقیاں دی گئیں، کمیٹی کا اجلاس سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت ہوا، سینیٹر سعدیہ عباسی نے کہا کہ پارلیمنٹیرینز کے اثاثے ظاہر کئے گئے تو بیوروکریٹس نے ظاہر کیوں نہیں کئے، سیکرٹری نے کہا اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے رولز میں ترامیم کی ضرورت ہے، کمیٹی ارکان کا موقف تھا کہ بیوروکریٹس کے اثاثوں کو حکومت کی منظوری کے بعد ظاہر کیا جانا چاہئے جیسا کہ سیاستدانوں کے معاملے میں کیا جاتا ہے، کمیٹی کو ڈالر کی قیمت میں مسلسل اتار چڑھاؤ پر بریفنگ دی گئی ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر عنایت حسین نے نشاندہی کی کہ عوام میں ڈالر کی بڑھتی ہوئی مانگ اور درآمدات میں اضافہ ڈالر کے اتار چڑھاؤ کے بنیادی محرک ہیں، چیئرمین نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کو ڈالر کے استحکام کو یقینی بنانے اور ڈالر کی غیر ضروری خریداری سے عوام کی حوصلہ شکنی کیلئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔ دریں اثنا فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین زبیر امجد ٹوانہ نے اعتراف کیا ہے کہ ایف بی آر میں 500 سے 600ارب روپے کی کرپشن ہوتی ہے، اپنے 25ہزار ملازمین کے اثاثے چیک کرنا ممکن نہیں۔ اس پر کمیٹی رکن کامل علی آغا نے کہا کہ اگر یہ ممکن نہیں تو 25رکروڑ لوگوں کے اثاثے کیسے چیک کرینگے؟ تفصیلات کے مطابق سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ میں بات کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر نے ادارے میں اربوں روپے کی کرپشن کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ ہے کہ ادارے کیلئے ممکن نہیں کہ ایف بی آر کے تمام 25ہزار ملازمین کے اثاثے چیک کرسکے۔ زبیر امجد ٹوانہ نے مزید کہا کہ ایف بی آر میں تعیناتی اور ترقی کے موقع پر ملازمین کیلئے لازم ہے کہ وہ اپنے اثاثے ظاہر کریں۔

## خامس سعید بٹ فرینکفرٹ بک فیئر 2023 کے وفد کے لیڈر مقرر



لاہور (پیپر بزنس نیوز) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے لیڈر بی ایم جی گروپ پیپر مارکیٹ، سابق وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی لاہور چیمبر کو 18 سے 23 اکتوبر تک جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں منعقد ہونے والے ''فرینکفرٹ بک فیئر'' میں شرکت کرنے والے وفد کا سربراہ مقرر کیا ہے۔ اس وفد میں لاہور چیمبر کے اراکین جو اپیما کے ممبران ہوتے ہیں، بڑی تعداد میں شریک ہوتے ہیں۔

## ڈالر کی بڑھتی قیمت روکنے کیلئے لائحہ عمل بنایا جائے، شمشاد اختر



اسلام آباد (بزنس ڈیسک) نگران حکومت نے ملک میں غیر ملکی کرنسی کا کام کرنے والے غیر مجاز ڈیلرز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا ہے تاکہ ملک میں ڈالر کی بڑھتی قیمت پر قابو پایا جاسکے جو اس وقت 317 پاکستانی روپے کے مساوی ہو چکا ہے۔ نگران وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر کی زیر صدارت ہونے والے ایک اجلاس میں ڈالر کی بڑھتی قیمت اور ملک سے ڈالرز کی بیرون ملک اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ڈالر کی قیمت بڑھنے کی ایک بڑی وجہ ملک سے ڈالرز کی اسمگلنگ بھی ہے۔ اجلاس میں مرکزی بینک کے نمائندوں کے علاوہ وزارت خزانہ، وفاقی ادارہ برائے تحقیقات (ایف آئی اے) اور کسٹمز انٹیلی جنس سے وابستہ افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر کسی قسم کا کوئی اعلامیہ جاری نہیں کیا گیا۔ تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں اس مسئلے کے حل کے حوالے سے کوئی واضح لائحہ عمل موجود نہیں تھا اور اجلاس کے شرکا نے ڈالرز کی اسمگلنگ میں غیر ملکی کرنسی کا کاروبار کرنے والے افراد کے کردار پر بحث کی اور مرکزی بینک کا کہنا تھا کہ اس اسمگلنگ میں زیادہ تر ایسے ادارے ملوث ہیں جنھیں غیر ملکی کرنسی کی ڈیلنگ کے مجاز نہیں ہیں لہذا ایسے اداروں اور افراد کے خلاف فوری کارروائی کی جانی چاہئے اسی لیے فیصلہ کیا گیا کہ ایف آئی اے ایسے تمام غیر مجاز کاروباری اداروں اور افراد کے خلاف کارروائی کرے گا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ماضی میں بھی ایف آئی اے اس طرح کی کارروائیاں کرتا رہا ہے جن کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہ ہوسکا اور پاکستان میں قانون نافذ کرنے والے ادارے ڈالرز کی افغانستان اسمگلنگ کو روکنے میں ناکام نظر آتے ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈالر کی قیمت میں اضافہ کی وجہ بینکوں کا مضبوط کارٹل ہے، ملک بوستان

کراچی (بزنس ڈیسک) ڈالر کی قیمت میں مسلسل اضافے کی 2 بڑی وجوہات ہیں، ایک یہ کہ آئی ایم ایف اور حکومت پاکستان کے درمیان روپے کی قدر 340 روپے رکھنے پر اتفاق ہوا ہے، یہ خبر مارکیٹ میں بھی گردش کر رہی ہے، دوسرے کچھ بینکوں کا مضبوط کارٹل ہے، یہ بات فاریکس ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک بوستان نے گفتگو کرتے ہوئے بتائی، ملک بوستان نے کہا کہ آئی ایم ایف اور حکومت پاکستان کے درمیان روپے کی قدر 340 روپے رکھنے کی بات غلط اور بے بنیاد ہے تاہم یہ میڈیا میں چل رہی ہے اس لئے سرمایہ کار ڈالر نکالنے کی بجائے ذخیرہ کر رہے ہیں، دوسرا بڑا مسئلہ بینکوں کا مضبوط کارٹل ہے یہ من پسند بڑے درآمد کنندگان کی ایل سی کھول رہے ہیں لیکن چھوٹے درآمد کنندگان کو ڈالر دینے سے گریزاں ہیں، اسٹیٹ بینک سے ملکر ہم نے اس مسئلے کو اٹھایا ہے لیکن تاحال کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔

## غیر ملکی کرنسی کا کام کرنے والے غیر مجاز ڈیلرز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) نگران حکومت نے ملک میں غیر ملکی کرنسی کا کام کرنے والے غیر مجاز ڈیلرز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا ہے تاکہ ملک میں ڈالر کی بڑھتی قیمت پر قابو پایا جاسکے جو اس وقت 317 پاکستانی روپے کے مساوی ہو چکا ہے۔نگران وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر کی زیر صدارت ہونے والے ایک اجلاس میں ڈالر کی بڑھتی قیمت اور ملک سے ڈالر کی بیرون ملک اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ڈالر کی قیمت بڑھنے کی ایک بڑی وجہ ملک سے ڈالرز کی اسمگلنگ بھی ہے۔اجلاس میں مرکزی بینک کے نمائندوں کے علاوہ وزارت خزانہ، وفاقی ادارہ برائے تحقیقات (ایف بی آئی) اور کسٹمز انٹیلی جنس سے وابستہ افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر کسی قسم کا کوئی اعلامیہ جاری نہیں کیا گیا۔تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں اس مسئلے کے حل کے حوالے سے کوئی واضح لائحہ عمل موجود نہیں تھا اور اجلاس کے شرکا نے ڈالرز کی اسمگلنگ میں غیر ملکی کرنسی کا کاروبار کرنے والے افراد کے کردار پر بحث کی اور مرکزی بینک کا کہنا تھا کہ اس اسمگلنگ میں زیادہ تر ایسے ادارے ملوث ہیں جنھیں غیر ملکی کرنسی کی ڈیلنگ کے مجاز نہیں ہیں لہذا ایسے اداروں اور افراد کے خلاف فوری کارروائی کی جانی چاہئے اسی لیے فیصلہ کیا گیا کہ ایف آئی اے ایسے تمام غیر مجاز کاروباری اداروں اور افراد کے خلاف کارروائی کرے گا۔واضح رہے کہ اس سے قبل ماضی میں بھی ایف آئی اے اس طرح کی کارروائیاں کرتا رہا ہے جن کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہ ہوسکا اور پاکستان میں قانون نافذ کرنے والے ادارے ڈالرز کی افغانستان اسمگلنگ کو روکنے میں ناکام نظر آتے ہیں۔

## 13 نئے ریجنل پاسپورٹ دفاتر کی تعمیر کا آغاز

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ حکومت کے زیر انتظام پاکستان پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ نے صوبے بھر میں 13 مقامات پر نئے ریجنل پاسپورٹ افسز کی تعمیر کے کام کا آغاز کر دیا ہے۔ ہر پاسپورٹ آفس کی تعمیر اور اس میں فراہم کردہ سہولیات کے لیے فی آفس 90 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ مذکورہ آفسز چھ ماہ کی مدت میں تکمیل کر دیے جائیں گے۔ یہ آفسز جن اضلاع میں تعمیر ہوں گے ان میں سجاول، بدین، ٹھٹہ، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈو اللہ خان، جیکب اباد، شکارپور، خیرپور، نوشہرو فیروز، دادو، گھوٹکی میرپور خاص اور سانگھڑ شامل ہیں۔

## ڈالر کے اسمگلرز اور ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

کراچی (بزنس ڈیسک) نگراں حکومت نے ڈالر کے اسمگلرز اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کرلیا اور ایکشن کی تیاریاں شروع کردی گئیں۔تفصیلات کے مطابق نگراں حکومت نے ڈالر کی قدر بڑھنے پر تشویش کا اظہار کیا اور نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے نگران وزیر خزانہ کو خصوصی ہدایات جاری کردیں۔نگراں وزیراعظم اور نگراں وزیر خزانہ کی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی جس میں انوارالحق کاکڑ نے ڈالر کی مصنوعی قدر بڑھنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ وزیرخزانہ نے ڈالر کی قدر میں استحکام کے لیے تجاویز طلب کرلیں۔

## کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری میں ایک فیصد اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری کے لئے رجحان میں جولائی کے دوران سالانہ بنیاد پر ایک فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق جولائی کے مہینے میں صارفین نے کریڈٹ کارڈ کے ذریعے 98 ارب روپے کی خریداری کی جو گزشتہ سال جولائی کے مقابلے میں 32.4 فیصد زیادہ ہے۔گزشتہ سال جولائی میں صارفین نے کریڈٹ کارڈز کے ذریعے 74 ارب روپے کی خریداری کی۔ جون کے مقابلے میں جولائی میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعے خریداری کے رجحان میں ماہانہ بنیاد پر 3.4 فیصد اضافہ ہوا۔جون میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعے صارفین نے 94 ارب روپے کی خریداری کی جو جولائی میں بڑھ کر 98 ارب روپے ہوگئی۔

## ایف بی آر کے 14 افسران کے تقرر و تبادلے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر کے ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 20 اور 21 کے 14 افسران کے تبادلے کر دیئے گئے ہیں۔گریڈ 21 کے 9 افسران جبکہ گریڈ 20 کے 5 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کئے گئے ،گریڈ 21 کے 9 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کئے گئے ۔ ان میں ڈاکٹر توقیر احمد میمن کو ڈائریکٹر جنرل بی ٹی بی ہیڈ کوارٹر، احمد شجاع خان کو ممبر آڈٹ سی آر ایم ہیڈکوارٹر، محمود حسین جعفری کو چیف کمشنر آئی آر ایل ٹی او لاہور، کرامت اللہ خان ممبر ڈیجیٹل اینیشیٹو، فہیم محمد چیف کمشنر آر ٹی او سرگودھا، عاصم افتخار چیف کمشنر آر ٹی او گوجرانوالہ، امتیاز علی سولنگی چیف کمشنر ایم ٹی او کراچی، عبدالواحد عقیلی چیف کمشنر آر ٹی او ٹو کراچی، اشتیاق احمد خان کو چیف کمشنر سی ٹی او اسلام آباد تعینات کر دیا گیا ہے۔ گریڈ 20 کے افسران میں لیلہ غفور ڈی جی او پی ایس کمپلائنس رسک مینجمنٹ، زبیر بلال چیف کمشنر او پی ایس، آر ٹی او فیصل آباد، امجد فاروق چیف کمشنر او پی ایس آر ٹی او لاہور، سجاد تسلیم اعظم چیف کمشنر او پی ایس آر ٹی او ملتان اور عائشہ فاروق کو ڈی جی او پی ایس ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹرنیشنل ٹیکس آپریشن ایف بی آر ہیڈ کوارٹر اسلام آباد تعینات کیا گیا ہے۔

## انٹر بینک: ڈالر 304 روپے کا ہوگیا

امریکی ڈالر کی اونچی اڑان مسلسل جاری ہے جبکہ پاکستانی روپیہ زوال پزیر ہے۔ 30 اگست بدھ کو کاروبار کے آغاز سے ہی انٹربینک میں ڈالر مزید مہنگا ہونے لگا۔انٹربینک میں ڈالر 95 پیسے مہنگا ہونے کے بعد 304 روپے کا ہو گیا۔منگل 29 اگست کو انٹر بینک میں ڈالر 303 روپے 5 پیسے پر بند ہوا تھا۔فاریکس ایسوسی ایشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق منگل 29 اگست کو روپے کے مقابلے پر انٹربینک میں ڈالر کی قیمت خرید 75 پیسے کے اضافے سے 301.75 روپے سے بڑھ کر 302.50 روپے اور قیمت فروخت 1.10 روپے کے اضافے سے 302.25 روپے سے بڑھ کر 303.35 روپے ہوگئی ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# عبدالمجید میمن، تبسم خورشید اور غلام علی کا محمد سلیم بیکیا کی خدمات کا اعتراف

## محمد سلیم بیکیا آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ممبران کی حقیقی خدمت کر رہے ہیں، رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کا کیس جیتنے پر مبارکباد



کراچی (پیپر بزنس نیوز) عبدالمجید میمن سابق سینیئر نائب صدر کراچی چیمبر آف کامرس، چیئرمین اسمال ٹریڈرز کمیٹی کراچی چیمبر، لیڈر آف دی بی ایم جی گروپ اور سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن و چیئرمین بزنس مین پینل گروپ اور بانی گروپ پیپر مارکیٹ ، سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن تبسم خورشید اور سابق وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن غلام علی نے مشترکہ طور پر محمد سلیم بیکیا، سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور موجودہ چیئرمین بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس ،کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔اس سلسلے میں ہفتہ 26 اگست 2023 کو ان سابق چیئرمین حضرات نے محمد سلیم بیکیا کو ایک سادہ اور مختصر تقریب میں پھول اور مٹھائی پیش کی۔ بانی اراکین اپیما نے کہا کہ محمد سلیم بیکیا کی انتھک محنت اور ٹریڈ کے اجتماعی مفاد کے لئے کوششوں کے باعث پیپر مرچنٹس کے کئی دہائیوں سے التوا کے شکار مسائل حل ہو گئے ہیں جن میں خاص طور پر 2003-04 کے امپورٹرز کے کسٹم سے ریفنڈ کا مسئلہ اور اب رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے درست ایچ ایس کوڈ کا مسئلہ عدالت سے حل کرایا۔ اس کے علاوہ کسٹم انٹیلی جنس کے ذریعے اسمگل شدہ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے مال کی مارکیٹ میں فروخت کی کوششوں کو روک کر حقیقی امپورٹرز کو بڑے نقصان سے بچایا۔ اس کے علاوہ کسٹم ویلیو ایشن رولنگ کی حقیقی قیمتوں سے مطابقت پیدا کی گئی۔ سابق چیئرمین تبسم خورشید نے کہا کہ سلیم بیکیا اور ان کی ٹیم نے پیپر مارکیٹ اور آل پاکستان کی بنیاد پر بہت سے مسائل حل کیے، چاہے اس کا تعلق لا اینڈ آرڈر سے ہو، کسٹم سے ہو، ایف ائی اے سے یا اور کسی بھی ادارے سے ہو، انہوں نے ممبران کے مسائل حل کیے ہیں، میں ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ سابق وائس چیئرمین غلام علی نے کہا کہ آج کے دور میں ممبران کو بجلی، مہنگائی سمیت دیگر بہت سے مسائل کا سامنا ہے اس لیے ایسوسی ایشن کی لیڈرشپ مضبوط ہونا ضروری ہے اور آپس میں ہم آہنگی ہونی چاہیے، اتحاد ہونا چاہیے یہی لیڈرشپ کی نشانی ہوتی ہے۔ سابق چیئرمین عبدالمجید میمن نے سلیم بیکیا کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں سمجھتا ہوں کہ سلیم بیکیا جس طریقے سے ہمارے مارکیٹ کے مسائل حل کراتے ہیں اور جس طریقے سے ہر بحران میں اس کے حل کیلئے پیش پیش رہے ہیں، میں ان کی لیڈرشپ کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ یہ اسی طرح خدمات کرتے رہیں گے اور پیپر مارکیٹ کے ممبران بھی ان سے یہی توقع کرتے ہیں۔








یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com






Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimi
paper producs

**CONTACT**

Shop #1, Bikiya Maznil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road,Karachi
Phone: 021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**FOR BOOKING**

Shop # 8 Salma Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi74200
Phone:021-32626285, 32626391. 32630109



Printed on NEVIAGloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# رجسٹریشن کیلئے کمپنیز کے بینی فیشل اونرز کے کوائف لازمی قرار

## این جی اوز کو سیٹلر، ٹرسٹی، بانی، پرموٹرز کے بھی الیکٹرانکلی کوائف فراہم کرنا ہوں گے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے کمپنیوں اور ایسوسی ایشن آف پرسنز کی ایف بی آر کے پاس رجسٹریشن کے لئے کمپنیوں اور اے او پیز کے بینی فیشل اونرز کے کوائف کو لازمی قرار دیدیا ہے، جسکے لئے انکم ٹیکس رولز 2002ء میں ترامیم کر کے بینی فیشل اونرز کے ریکارڈ کا نیا چیپٹر شامل کر دیا گیا ہے، اطلاعات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پیر 28 اگست کو نوٹیفکیشن ایک جاری کیا ہے جس کے تحت کمپنیوں اور ایسوسی ایشن آف پرسنز کے بینی فیشل اونر کے کوائف کو لازمی قرار دینے کے لئے رولز جاری کر دیے ہیں، رولز کے مطابق ہر کمپنی اور ایسوسی ایشن آف پرسنز کو ایف بی آر کے ساتھ اپنی ابتدائی رجسٹریشن کروانے کیلئے انکم رولز کے پہلے شیڈول کے پارٹ IXA کے فارم بی او ایف ون کے مطابق آن لائن سسٹم کے ذریعے الیکٹرانکلی اپنے بین فیشل اونر کے کوائف ایف بی آر کو فراہم کرنا ہونگے اور جو کمپنیاں اور ایسوسی ایشن آف پرسنز (اے او پیز) پہلے سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے پاس رجسٹرڈ ہیں انہیں بھی 31 دسمبر 2023 سے پہلے فارم بی او ایف ون کے مطابق آن لائن سسٹم کے ذریعے الیکٹرانکی اپنے بینی فیشل اونر کے کوائف ایف بی آر کو فراہم کرنا ہونگے، رولز میں مزید بتایا گیا ہے کہ جب بھی کسی کمپنی یا اے او پی میں کسی بین فیشل اونر کے کوائف میں کوئی تبدیلی آئے گی تو اس کے مطابق فائدہ مند مالکان کا ریکارڈ اپ ڈیٹ کیا جائے گا اسکے علاوہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی سیکشن 2(36) کے تحت غیر منافع بخش تنظیموں کے زمرے میں آنے والی غیر منافع بخش تنظیموں کے سیٹلر، ٹرسٹی، بانی، پروموٹرز سمیت دیگر بی نشریز، کلاس آف بین فشریز ان این جی اوز کے بین فیشل اونرز کے زمرے میں آئیں گے اور این جی اوز کو ان کے بھی الیکٹرانکلی کوائف ایف بی آر کو فراہم کرنا ہوں گے۔

# تحفظ نہ ملا تو دو روزہ ملک گیر ہڑتال کریں گے، کراچی کے تاجر

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی کے تاجروں نے کہا ہے کہ 70 فیصد ریونیو دینے والے تاجروں کو تحفظ نہ ملا تو 2 روزہ ملک گیر ہڑتال کریں گے، بجلی، پیٹرول کی قیمتوں میں کمی اور امن و امان کی بحالی تک اپنی تحریک کو جاری رکھیں گے۔ پیٹرول اور بجلی کے نرخوں میں اضافے کے بعد کاروبار کرنا ناممکن ہو گیا ہے، ہمارے رابطے ملک گیر سطح پر مکمل ہو چکے ہیں۔ جلد دو روزہ ملک گیر ہڑتال کی کال دیں گے۔ انہوں نے کے الیکٹرک کے فراڈ بلوں کو مسترد کرتے ہوئے اس کی ادائیگی روکنے کا اعلان کیا تاجر رہنماؤں نے کہا کہ اگر کے الیکٹرک نے ہماری بجلی کاٹنے یا ہمارے خلاف کوئی ایکشن لینے کی کوشش کی تو اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار تاجر رہنماوں نے کراچی کے تاجروں کے روزگار بچاؤ تحریک کے زیر اہتمام بدھ 23 اگست کو صدر لیگل چوک میں ایک بڑے مظاہرے سے خطاب کیا۔ مظاہرے میں اسمال ٹریڈرز کراچی کے صدر محمود حامد، کراچی الیکٹرانکس ڈیلر ایسوسی ایشن کے چیئرمین رضوان عرفان، ٹمبر مارکیٹ کے صدر شرجیل گوپلانی، کراچی تاجر اتحاد کے صدر عتیق میر، موٹر سائیکل ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر احسان گجر، سٹی اولڈ سٹی تاجر اتحاد کے صدر ایس ایم عالم، گلبہار ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے رہنما جاوید قریشی، صدر کوآپریٹو مارکیٹ کے جنرل سیکرٹری اسلم خان اور دیگر شامل تھے۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے رضوان عرفان نے کہا کہ آج ہمارے وزیر اعظم سے مذاکرات ہوئے ہیں اور ہم نے ان کے سامنے اپنے مطالبات رکھ دیے ہیں جن کی منظوری تک ہماری تحریک جاری رہے گی۔ اسمال ٹریڈرز کی صدر محمود حامد نے کہا کہ تاجر متحد ہو چکے ہیں بہت جلد ہم ملک گیر احتجاج شروع کریں گے اور دو روزہ ہڑتال یا اسلام آباد ٹرین مارچ کا فیصلہ کریں گے۔

# مہنگی بجلی کیخلاف تاجروں کے مظاہرے، ہڑتال کیلئے 72 گھنٹے کا الٹی میٹم

لاہور/ راولپنڈی (نیوز ڈیسک) بجلی کی قیمتوں میں اضافے اور بھاری بھرکم بلوں کے خلاف لاہور' راولپنڈی' ملتان' پشاور سمیت ملک بھر میں عوامی احتجاج اور مظاہروں کا سلسلہ پانچویں روز بھی جاری' بلز جلائے گئے' ٹائر جلا کر احتجاج' سڑکیں بلاک' ریلیاں نکالی گئیں' حکومت کے خلاف نعرے بازی' کئی شہروں میں بزنس کمیونٹی سڑکوں پر نکل آئی' انجمن تاجران لاہور نے ہڑتال کیلئے 72 گھنٹے کا الٹی میٹم دیدیا جبکہ انجمن تاجران پاکستان سپریم کونسل نے احتجاجی کیمپ لگانے کا اعلان کر دیا۔ لاہور میں شاہ عالم مارکیٹ کے تاجر سڑکوں پر نکل آئے اور ٹائر جلا کر اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا جبکہ انجمن تاجران لاہور کے صدر مجاہد مقصود بٹ نے حکومت کو 72 گھنٹے کا الٹی میٹم دیا۔ انجمن تاجران پاکستان سپریم کونسل کے چیئرمین نعیم میر کا یکم ستمبر سے اپنی احتجاجی مہم شروع کر رہے ہیں' بجلی چور کا ہاتھ کاٹا جائے، بجلی چوروں اور مفت بجلی لینے والے سرکاری ادارے کے خلاف کارروائی کریں، رپورٹ جاری کی جائے کہ کون سا سرکاری ادارہ کتنے کا نادہندہ ہے، ایوان صدر کتنا بجلی کا بل دے رہا ہے، یہ اصل مسئلہ ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# چائنا کے نیو یا برانڈ دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے تنازعہ کا آغاز اور ہائی کورٹ میں کامیابی

## کسٹم کی بدانتظامی کیخلاف سلمان پیپر پروڈکٹس کی وفاقی محتسب کو درخواست


دونوں سائیڈ کوٹڈ پیپر کو پورٹ پر روکنے پر کسٹم کے خلاف سلمان پیپر پروڈکٹس نے وفاقی ٹیکس محتسب کو شکایت درج کرا دی ہے جس میں کمیٹی سے مذکورہ مال روکنے کی بنیاد بننے والی شکایت پر نمونہ فراہم کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ سلمان پیپر پروڈکٹس نے اپنی درخواست میں چیئرمین ایف بی آر (سیکریٹری ریونیو ویژن) چیف کلکٹر کسٹم اپریزمنٹ ساؤتھ، کلکٹر کسٹم اپریزمنٹ ایسٹ کو فریق بنایا گیا ہے۔ وفاقی محتسب نے 8 جنوری کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 20 جنوری کو انہیں طلب کیا۔

## لاہور ہائی کورٹ کا 4810.1910 کے نمونے ایک ماہ میں فراہم کرنے کا حکم

دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کیس کے سلسلے میں لاہور ہائی کورٹ میں آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں مدنی پیپر مارٹ کی جانب سے دائر کی گئی پٹیشن نمبر 6152/2021 کی 29 جنوری 2021 کو سماعت ہوئی۔ جس میں کہا گیا ہے کہ ایف بی آر نے یکم جنوری 2021 کو چھ ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی برائے کلاسیفکیشن تعین رائٹنگ پیپر قائم کی ہے۔ جس سے امپورٹرز اور پیپر ایسوسی ایشن نے درخواست کی تھی کہ 4810.1910 کے تحت آنے والے پیپر و پیپر بورڈ کے نمونے جس کی کمیٹی کلاسیفکیشن کرا رہی ہے اور اس سے متعلق دوسرے شواہد فراہم کئے جائیں تاکہ اس کا موازنہ کلاسیفکیشن سے قبل دوسری پروڈکٹ سے ہو سکے اور کمیٹی کے لیے معاون ثابت ہو۔ لیکن کمیٹی نے اب تک اس درخواست کو منظور نہیں کیا ہے۔ جس پر عدالت عالیہ نے پوری پٹیشن کو بمع منسلکات چیئرمین کمیٹی کو بھیجنے کا حکم صادر کر دیا اور کہا کہ اسے وہ درخواست دہندہ کی جانب سے موقف سمجھا جائے اور یہ کمیٹی کے سامنے پیش کیا جائے اور کمیٹی اس حکم کی وصولی کے ایک ماہ کے اندر اندر اس پر اپنا فیصلہ صادر کرے۔

## کلاسیفکیشن کمیٹی نمونے بمعہ لیب ٹیسٹ رپورٹ جمع نہیں کرائے

فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے قائمہ کمیٹی برائے فنانس و ریونیو کی سفارشات کی روشنی میں دونوں سائیڈ کوٹڈ پرنٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن کیلئے یکم جنوری کو جو خصوصی کمیٹی قائم کی تھی اس نے بورڈ کے احکامات تیس دن میں اس کی رپورٹ تیار کر کے ایف بی آر کو پیش کی جائے۔ ڈبلیو سی او کے وضاحتی نوٹس کے جائزہ اور تمام متعلقہ دستاویزات و نمونے بمعہ لیب ٹیسٹ رپورٹ کے ہمراہ تیس دن میں رپورٹ تیار کر کے بورڈ میں جمع کرانے کا حکم دیا تھا جس کی مدت یکم فروری کو ختم ہوگئی۔




آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا، جن کی انتھک محنت کے باعث نیو یا 2 سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کے کیس کا فیصلہ امپورٹرز کے حق میں ہوا، 16 اکتوبر 2020 کو شروع ہونے والے تنازعہ کے باعث گزشتہ 22 ماہ میں ہونے والی کوششوں کی 11 اگست 2023 کو سندھ ہائی کورٹ کے فیصلوں تک کی لمحہ بہ لمحہ تفصیل کا تیسرا حصہ۔

## آرٹ کارڈ اور آرٹ پیپر ایک جیسی اشیا ہیں، کسٹم کا وفاقی ٹیکس محتسب کو جواب

سلمان پیپر پروڈکٹس کی جانب سے وفاقی ٹیکس محتسب میں کوٹڈ رائٹنگ پیپر سے متعلق کیس میں کسٹم نے جو جواب جمع کرایا ہے وہ متضاد قرار دیا اور کہا کہ کوٹڈ آرٹ کارڈ اسی پارٹی نے کلیئر کرایا ہے جو کوٹڈ رائٹنگ پیپر جیسا ہے اور یہ دونوں اشیا ایک ہی زمرے میں آتی ہیں۔ ماہرین نے کسٹم کی جانب سے کوٹڈ رائٹنگ پیپر اور آرٹ کارڈ کو ایک جیسی (Similar) اور Identical قرار دینے کو مضحکہ خیز قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ دونوں کا استعمال اور تیاری کے اجزا میں خاصا فرق ہے۔ آرٹ کارڈ کاپی کتابوں کے کور کے لیے استعمال ہوتا ہے اور اس پر کتابیں کاپیاں ڈائریاں وغیرہ پرنٹ نہیں کی جا سکتی اور کوٹڈ رائٹنگ پیپر کتابوں کے کور کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے اور اس کی کتابیں کاپیاں، بروشرز وغیرہ بن سکتے ہیں اس طرح دونوں آئٹم کو ایک جیسا قرار دینا قطعی درست نہیں ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ درآمد کنندگان نے کسٹم کی اس غلط بیانی جو اس نے وفاقی ٹیکس محتسب کو جمع کرائی گئی رپورٹ میں تحریر کی۔

## کلاسیفکیشن کمیٹی نے فیصلے کے لئے 15 مارچ تک کی مہلت مانگ لی

کمیٹی کے چیئرمین ایف بی آر کو آگاہ کیا ہے کہ کمیٹی کے چیئرمین نے کورنا کا شکار ہو گئے تھے اور اس کے علاوہ سندھ ہائی کورٹ نے فریقین کا موقف سننے کے بعد رپورٹ تیار کرنے کا حکم دیا تھا۔ جس کی وجہ سے مقررہ وقت پر رپورٹ تیار نہیں ہو سکی ہے۔ تاہم کمیٹی نے یقین دہانی کرائی ہے کہ رپورٹ 15 مارچ تک جمع کرائے گی۔

## کلاسیفکیشن کمیٹی 15 مارچ تک رپورٹ جمع کرانے میں ناکام

کمیٹی اپنی ہی مقرر کردہ 15 مارچ کی تاریخ کو بھی رپورٹ جمع کرانے میں ناکام رہی۔ کمیٹی نے 4 مارچ کو ایک اجلاس منعقد کیا تھا جس میں ایک بار پھر مدعی سلمان پیپر پروڈکٹس اور دیگر کو پروڈکٹس کے نمونے اور انوائسز جمع کرانے کی ہدایت کی تھی جس کا جواب جمع کرا دیا تھا تاہم کمیٹی نے عدالتی احکامات، کراچی چیمبر و فیڈریشن کے مطالبات کے باوجود کسٹم اور شکایت کنندہ نے اپنے نمونے فراہم نہیں کئے۔ امپورٹرز کی جانب سے شفقت چوہان ایڈووکیٹ نے 6 مارچ کو تحریری طور پر کمیٹی کو عدالتوں کے فیصلوں کے مطابق نمونے فراہم کرنے کا مطالبہ کیا تھا جواب تک فراہم نہیں کیے گئے۔ خط میں کہا گیا تھا کہ عدم فراہمی توہین عدالت کے زمرے میں آئے گی۔

## دونوں سائیڈ کوٹڈ پیپر کی دفعہ 81 کے تحت کلیرنس جاری

کسٹم عدالتی احکامات کے تحت دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ/ پرنٹنگ پیپر کی کلیرنس دفعہ 81 کے تحت عبوری طور پر جاری رہے اور ڈیوٹی اور ایف ٹی اے کے فرق کے پے آرڈرز وصول کر رہا ہے۔ تاہم گزشتہ ہفتے چند امپورٹرز کی کلیرنس میں تعطل آیا تھا کیونکہ ان کا نام اس عدالتی حکم میں شامل نہیں تھا تاہم بعد میں جن امپورٹرز نے عدالتی ریلیف حاصل کر لیا ان کے مال کلیئر کر دیئے گئے ہیں۔

## کلاسیفکیشن کمیٹی نے اپنی سفارشات بورڈ کو بھیج دیں

دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کیس کے حوالے سے ایف بی آر کی قائم کردہ خصوصی کلاسیفکیشن کمیٹی نے اپنی سفارشات بورڈ کو ارسال کر دی ہیں اور اب بورڈ ان سفارشات کی روشنی میں احکامات جاری کرے گا۔

## ایچ ای جے ریسرچ سینٹر نے دونوں سائیڈ کوٹڈ پیپر کو رائٹنگ و پرنٹنگ قرار دیدیا

کراچی کی ممتاز ریسرچ لیبارٹری ایچ ای جے ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف کیمسٹری یونیورسٹی آف کراچی کے صنعتی تجزیاتی مرکز نے ایڈیشنل کلکٹر کسٹم اور سیکریٹری کلاسیفکیشن کمیٹی برائے ”کوٹڈ



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

"رائٹنگ/ پرنٹنگ پیپر" ایس علی زمان گردیزی کی جانب سے بھیجے گئے نمونے پر جو رپورٹ تیار کی ہے اس کی کاپی پیپر بزنس نے حاصل کی ہے جس کے مطابق جی ڈی نمبر KAPE-HC-89370 مورخہ 24 نومبر 2020 کے کاغذ کے نمونوں کا تجزیہ کیا گیا ہے واضح رہے کہ یہ وہی جی ڈی ہے جس پر سلمان پیپر پروڈکٹ کا مال روکا گیا تھا اور پھر یہ کلاسیفکیشن کمیٹی بنی تھی اور اس کی رپورٹ سینٹر نے کمیٹی کو ارسال کردی ہے۔ ریسرچ آفیسر عائشہ اسلام، معاون پرنسپل تحقیقات ٹیکنیکل منیجر شکیل احمد، پرنسپل انوسٹی گیٹر ڈاکٹر عمران ملک کے دستخط سے جاری ہونے والی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ نمونہ دونوں سائڈ کوٹڈ مختلف مقاصد (پرنٹنگ ورائٹنگ) پیپر ہے جس پر 12.11 فیصد کی اوپری سطح پر معدنیات کی تہہ چڑھائی گئی ہے جبکہ دوسری جانب اس تہہ کی شرح 410.62 فیصد ہے اس پیپر میں 10 فیصد سے کم مکینیکل پلپ استعمال کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پیپر کا استعمال اس کے استعمال کرنے والے کی ضرورت پر منحصر ہے۔ اس رپورٹ سے انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے اس موقف کی تائید کی تھی جو اس نے کسٹم کی جانب سے دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کے حوالے سے کنسائنمنٹ روکنے کے خلاف اور چائنا سے ایف ٹی اے حاصل کرنے کے لیے اختیار کیا تھا۔

## کوٹڈ رائٹنگ پیپر کیس میں کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے کسٹم کا موقف مسترد کردیا

گذشتہ سال اکتوبر میں کوٹڈ رائٹنگ پیپر نیو یا برانڈ (آرٹ پیپر) سے متعلق ایک شکایت پر کسٹم نے پیپر و پیپر بورڈ کے امپورٹرز پر مس ڈیکلیریشن کے جو الزامات عائد کئے تھے، کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے ممبر جوڈیشل I (کراچی عبدالجبار قریشی نے اپنے 13 اکتوبر 2021 کے حکم کے تحت انہیں کالعدم قرار دیتے ہوئے یونس اینڈ سنز پرائیوٹ لمیٹڈ کی اپیل منظور کرلی۔ یونس اینڈ سنز نے کلکٹر آف کسٹم ایڈ جوڈیکیشن II کے حکم نمبر 767 اور 22-2021 /768، مورخہ 15 جولائی 2021 کے خلاف اپیلٹ ٹریبونل میں اپیل دائر کی تھی۔ اس حکم کے تحت ایم یونس اینڈ سنز پر مس ڈیکلریشن کا الزام عائد کرتے ہوئے دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر (نیو یا برانڈ آرٹ پیپر (پر 4810.1910 کے ایچ ایس کوڈ میں کلیئر کراتے ہوئے چائنا کے ایف ٹی اے کے تحت 4 فیصد رعایتی ڈیوٹی حاصل کی تھی جس سے ڈیوٹی وٹیکسز کا فرق 30 لاکھ 56 ہزار روپے کا فائدہ حاصل کیا گیا تھا۔ ایڈ جوڈیکیشن نے مزید 3 لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا تھا اس کے علاوہ کلیئرنگ ایجنٹ میسرز ایسٹ مین ایجنسیز پر 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا تھا۔ یونس اینڈ سنز نے اپنی اپیل میں جو عقیل احمد ایڈووکیٹ کی معرفت دائر کی گئی تھی، موقف اختیار کیا تھا کہ اس سلسلے میں جس آفیسر نے شوکاز جاری کیا تھا وہ اس کا مجاز نہیں تھا کیونکہ اس مدت میں اس کا تبادلہ بحیثیت ڈائریکٹر جنرل آف لاء اینڈ پراسیکیوشن اسلام آباد ہوچکا تھا۔ لہٰذا اس کی جانب سے جاری کیا جانے والا شوکاز اور اس کے بعد کی تمام کارروائی غیر قانونی قرار دی جائے۔ دوسرا موقف یہ اختیار کیا گیا تھا کہ کلاسیفکیشن سے متعلق کوئی بھی فیصلہ پچھلی تاریخوں سے نہیں ہوسکتا ہے اس کا اطلاق آئندہ آنے والی اشیاء پر ہوتا ہے کیونکہ کسٹم از خود اپریل 2020 تا اکتوبر 2020 کے درمیان سینکڑوں انٹریز اس ہیڈنگ میں کلیئر کرچکا تھا۔ تیسرا سوال اپیل کنندہ نے یہ اٹھایا تھا کہ کیا ایڈ جوڈیکیٹنگ اتھارٹی اور کسٹم حکام نے 4810.1910 کی کلاسیفکیشن کی غلط تشریح کی ہے تو کیا وہ اس پر عائد ہونے والی ڈیوٹی وٹیکسز کی وصولی کا حق رکھتا ہے؟ اپیلٹ ٹریبونل نے آفیسر کے اختیار کا موقف اپیل کنندہ کا مسترد کردیا۔ دوسرے موقف پر ٹریبونل نے کہا ہے کہ اس بات میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ اشیاء کی ڈیکلیریشن درست ہوئی ہے۔ "دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر ان شیٹس"۔ لہٰذا کسٹم نے دفعہ 80 کسٹم ایکٹ کے تحت 250 سے زائد کنسائنمنٹ پر 4810.1910 کے تحت ڈیوٹی وٹیکسز وصول کئے اور اشیاء کو اس شوکاز نوٹس کے اجراء سے قبل کلیئر کردیا تھا۔ جبکہ کسٹم آفیسر نے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ کلاسیفکیشن کی کوئی غلطی نظر نہیں آئی۔ اس کے باوجود شوکاز جاری کرتے ہوئے سزاؤں کی دفعات کا اطلاق کرتے وقت کسی بھی قسم کی جعلی دستاویز یا غلط بیانی کی دستاویز فراہم نہیں کی گئی۔ جبکہ یہ ایک کلاسیفکیشن کا تنازعہ تھا اور اس پر کلاسیفکیشن کمیٹی نے 26 مارچ 2021 کو اپنی سفارشات پیش کی ہیں اور اس اپریل 2020 تا اکتوبر 2020 کے درمیان اشیاء کلیئر ہوچکی تھیں اور اس کا کوئی نمونہ بھی کسٹم کے ایگزامینیشن کے پاس موجود نہیں تھا۔ جس سے کہ اس کے درمیاں فزیکل تفریق ممکن ہوسکے۔ لہٰذا ٹریبونل کے خیال میں جبکہ کوئی خلاف واقع شہادتیں موجود نہیں ہیں تو دفعہ 32 کی شقوں کا اس پر اطلاق نہیں کیا جاسکتا ہے۔ ٹریبونل نے مزید لکھا ہے کہ تنازعہ صرف یہ ہے کہ اپیل کنندہ نے اسے 4810.1910 میں کلیم کیا ہے جبکہ کسٹم اسے 4810.1990 میں لے جانا چاہتی ہے۔ اپیل کنندہ نے 1910 کے تحت چائنا کا ایف ٹی اے کے تحت 4 فیصد رعایتی ڈیوٹی حاصل کی ہے۔ یہاں پر یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ کسٹم نے ایسا ہی جاپان سے درآمد شدہ دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کو 4810.1910 میں کلیئر کیا ہے اس طرح کسٹم کی جانب سے اپیل کنندہ کے خلاف کیس بنانے کا کوئی جواز نظر نہیں آتا ہے کیونکہ کسٹم نے سی جی او 12/2002 کی بھی خلاف ورزی کی ہے جس میں درج ہدایات کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ ٹریبونل نے مزید کہا ہے کہ ڈپارٹمنٹ از خود بھی رولنگ جاری کرتے ہوئے 4810.1910 اور 4810.1990 کے فرق کو واضح کرنے میں ناکام رہا ہے اور کنفیوژ ہے۔ اور اپریل تا اکتوبر 2020 میں دفعہ 80 کے تحت اس کی تشخیص کی ہے جس کو دفعہ 195 کے تحت دوبارہ نہیں کھولا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ کلاسیفکیشن کا تنازعہ کسی بھی قسم کے بعد از کلیئرنس آڈٹ کی عدم موجودگی میں اٹھایا گیا اور ڈپارٹمنٹ کی عمومی پریکٹس کے مطابق سلمان پیپر پروڈکٹس کے کیس میں 250 سے زائد کنسائنمنٹ کلیئر ہوچکے تھے۔ کلاسفکیشن کے سلسلے میں ٹریبونل نے لکھا ہے کہ ریکارڈ کے جائزے اور کارروائی کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے "4810.1910 رائٹنگ پیپر" کے لئے مخصوص ہے جس کے لئے دو شرائط ہیں۔

1۔ چائنا کلے سے کوٹنگ۔

2۔ Other inorganic substances not containing fibers obtained by a mechanical or chemi-mechanical process or of which not more than 10% by weight of the total fiber content consist of such fiber and the other is it's usage for writing.

اس میں پہلی شرط پر اپیل کنندہ اور کسٹم میں کوئی اختلاف نہیں ہے تاہم دوسری شرط پر اختلاف ہے جس میں اپیل کنندہ کا موقف ہے کہ 4810.1910 کی ہیڈنگ میں اس پیپر کا ایک استعمال رائٹنگ بھی ہے جبکہ کسٹم کا موقف ہے کہ اس میں صرف وہ پیپر آتا ہے جو صرف رائٹنگ میں استعمال ہوتا ہے جبکہ یہ پیپر ایک سے زائد مقاصد میں استعمال ہوتا ہے۔ لہٰذا اسے "Others" 4810.1990 میں جانا چاہئے۔ ٹریبونل نے ان شواہد کی روشنی میں فیصلہ دیا ہے کہ وہ اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ واضح قانون کی خلاف ورزیاں کی گئی ہیں اور انصاف کے تقاضوں کو پورا نہیں کیا گیا ہے۔ اس لئے شوکاز نوٹس کا جاری کرنا اور اس کے بعد کی تمام کارروائیاں غیر قانونی، امتیازی اور بغیر اتھارٹی کے ہیں لہٰذا یہ تمام کارروائیاں کالعدم قرار دی جاتی ہیں اور اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے لہٰذا اپیل منظور کی جاتی ہے۔

## کسٹم کا اپیلٹ ٹریبونل کا فیصلہ ماننے سے انکار

کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے ممبر جوڈیشل I کراچی عبدالجبار قریشی نے 13 اکتوبر 2021 کو میسرز یونس اینڈ سنز کی اپیل منظور کرتے ہوئے کسٹم کے تمام احکامات کو مسترد کرتے ہوئے شوکاز سمیت تمام کارروائی کو کالعدم قرار دے دیا تھا۔ اس فیصلے پر کسٹم نے عملدرآمد سے انکار کردیا ہے اور مال کلیئر نہیں کیا ہے جس پر امپورٹرز نے انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں وکلاء کی معرفت کسٹم کو قانونی نکات پر قائل کرنے کی کوشش کی لیکن کسٹم نے اپنی ہٹ دھرمی برقرار رکھتے ہوئے کہا کہ ہمیں قانونی جائزہ کے لئے وقت دیا جائے۔ اس وقت تک امپورٹرز اپنا مال دفعہ 18 کے تحت عبوری طور پر جیسے پہلے کلیئر کرا رہے تھے ویسے ہی کرالیں۔ امپورٹرز کا کہنا ہے کہ کسٹم کا یہ فیصلہ توہین عدالت ہے۔ اس صورتحال پر امپورٹرز نے کسٹم کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں دو درخواستیں دائر کردیں۔

(باقی آئندہ شمارے میں ملاحظہ کیجئے)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کراچی یونیورسٹی کا پیپر و کارڈ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: P.O.13114-2023

آفسیٹ پیپر، سائز 23x36، 75 گرام، تعداد: 50 ریم
آفسیٹ پیپر، سائز 27x34، 75 گرام، تعداد: 100 ریم
آفسیٹ پیپر، سائز 30x40، 75 گرام، تعداد: 50 ریم
آفسیٹ پیپر، سائز 23x36، 100 گرام، تعداد: 25 ریم
آفسیٹ پیپر، سائز 25x36، 100 گرام، تعداد: 100 ریم
لوکلپیپر، سائز 18x30، 68 گرام، تعداد: 2000 ریم
ہائی فنشپیپر، سائز 23x36، 68 گرام، تعداد: 100 ریم
ہائی فنش پیپر، سائز 17x27، 68 گرام، تعداد: 100 ریم
مکینیکل وائٹ پیپر، سائز 23x36، 52 گرام، تعداد: 50 ریم
ایوری کارڈ، سائز 22x28، 285 گرام، تعداد: 50 پیکٹ
آرٹ کارڈ، سائز 25x36، 250 گرام، تعداد: 50 پیکٹ
آرٹ کارڈ، سائز 31x43، 250 گرام، تعداد: 25 پیکٹ
ارجنٹینا گرین کارڈ، سائز 22x28، 160 گرام، تعداد: 50 پیکٹ
ارجنٹینا بلیو کارڈ، سائز 22x28، 160 گرام، تعداد: 50 پیکٹ
ارجنٹینا ییلو (پیلا) کارڈ، سائز 22x28، 160 گرام، تعداد: 50 پیکٹ
ارجنٹینا ریڈ کارڈ، سائز 22x28، 160 گرام، تعداد: 50 پیکٹ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، کراچی۔
فون: 021-99261300-07 EXT:2215

# فزیشنز اینڈ سرجنز کالج کو پیپر و کارڈ درکار

میٹ پیپر 113 گرام۔ آرٹ کارڈ 260 گرام۔
فینسی پیپرز 110 گرام۔ ڈسپوزایبل پیپر گلاس اور پلیٹ وغیرہ۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز ڈپارٹمنٹ، 7th سینٹرل اسٹریٹ، فیز۔2، ڈی ایچ اے، کراچی۔
فون: 021-99266400-10 EXT:237-330

# پنجاب میڈیکل ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

کمپیوٹر پیپر، A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 340 ریم
کمپیوٹر پیپر، لیگل سائز، 70 گرام، تعداد: 120 ریم
کمپیوٹر پیپر، A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 760 ریم
کمپیوٹر پیپر، لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 80 ریم
نیوز لیٹر کی پرنٹنگ، تعداد: 1000 کاپی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (جنرل) آفس، مظفر گڑھ روڈ، نزد بہاولپور بائی پاس چوک، ملتان۔
فون: 061-9330870




# کنٹرولر پرنٹنگ اینڈ اسٹیشنری کو پیپر و پرنٹنگ درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:
CP&S/AO/Tender/Proc/2023-24/226
مختلف اقسام کے پیپرز، پرنٹنگ آئٹمز، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 7 ستمبر 2023ء
برائے رابطہ: ٹینڈر دفتر، مینیجر بک ڈپو، نزد گیٹ نمبر۔4، گورنر ہاؤس کمپاؤنڈ، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی۔
فون: 021-99206340

# محکمہ آثار قدیمہ و آرکائیوز کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:
DG(A&A)CTA&AD/NIT/2022-23
کتابوں کی پرنٹنگ
